## متحدہ قومی موومنٹ ملک میں جمہوریت کا فروغ اور سیاسی عمل کا تسلسل چاہتی ہے۔انور عالم
## نائن زیرو پر ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔14،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں جمہوریت کا فروغ اور سیاسی عمل کا تسلسل چاہتی ہے۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے کارکنان کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبد الحسیب اور ایلڈرز ونگ کی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔انور عالم نے کہا کہ ایم کیوایم آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر سے اپنے امیدوار کھڑے کرے گی اور غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو ایک مرتبہ پھر ایوانوں میں بھیج کر حقوق کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں میں انتخابی ٹکٹ فروخت کئے جاتے ہیں جبکہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں انتخابی ٹکٹ میرٹ کی بنیاد پر دیئے جاتے ہیں اور انتخابی مہم کے تمام اخراجات بھی ایم کیوایم ہی اٹھاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے کو سراہا جارہا ہے اور صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان سمیت آزاد کشمیر میں تمام تر سازشوں کے باوجود ایم کیوایم مقبولیت میں کمی کے بجائے اضافہ ہی ہورہا ہے اور غریب ومتوسط طبقے کے افراد جوق درجوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں بزرگوں کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا اور بزرگ کارکنان تھے جنہوں نے ماضی کے ریاستی آپریشن کے دوران نائن زیرو پر خدمات انجام دیں اور کسی بھی ظلم کے آگے سرخم نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ جس تحریک میں ایسے بہادر بزرگ موجود ہوں اسے کوئی بھی سازش نقصان نہیں پہنچاسکتی۔انہوں نے ایم کیوایم کے بزرگ کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان پر زور دیا کہ وہ گھر گھر، گلی گلی اور محلے محلے جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو زیادہ سے زیادہ عوام تک پہنچائیں۔

## بلوچستان کے شہر کوئٹہ کے علاقے کلی دیبہ کے کئی نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔14،نومبر 2007ء

بلوچستان کے شہر کوئٹہ کے علاقے کلی دیبہ کے کئی نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ آرگنائزر کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی اور رکن صوبائی کمیٹی ڈاکٹر عبدالغنی کانسی سے ملاقات میں کیا جو ان دنوں دیبہ کلی تنظیمی دورے پر گئے ہوئے ہیں۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں میر فیض الحق رئیسانی، میر عبدالحلیم رئیسانی، صاحبزادہ قصور احمد، حاجی فیروز خان رئیسانی، حاجی دادشاہ، میر عظیم رئیسانی، ضیاء الحق رئیسانی، مقصود احمد رئیسانی، عبدالستار رئیسانی، نثار احمد، محمد افضل رئیسانی، پرویز احمد ابابکی، محمد یعقوب، محمد اعظم بلوچ، ریاض احمد، عنایت اللہ، محمد علی نور محمد، ناصر احمد اور محمد امین شامل ہیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے عبدالحئی بنگلزئی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے ہے اور نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی طرح نہ تو ایم کیوایم پلاٹ پرمٹ کی سیاست کرتی ہے اور نہ ہی عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ملنے والے ترقیاتی فنڈز کو اپنے میں ہیر پھیر کرکے اپنی تجوریاں بھرنے پر یقین رکھتی ہے بلکہ ایم کیوایم کا مشن ومقصد ملک سے ان ہی برائیوں کا خاتمہ کرنا ہے۔انہوں نے ایم کیوایم میں نوجوانوں اور بزرگوں کی شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور آئندہ عام انتخابات میں گھر گھر جاکر عوامی رابطہ مہم شروع کرنے اور متحدہ قومی موومنٹ کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو عام کرنے پر زور دیا۔

## ایم کیوایم میرپور خاص زون کے کارکن محمد یوسف علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔14،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میرپور خاص زون کے کارکن محمد یوسف علی کے انتقال پر گہرے دکھ رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

ایم کیوایم میر پورمیر خاص زون کے کارکن محمد یوسف اورکورنگی سیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے

## شہید رکن تصدیق علی کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میر پورخاص زون کے کارکن محمد یوسف علی اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے شہید رکن تصدیق علی کے بڑے بھائی قدرت علی اسدزیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد ملک میں انصاف کے نظام کے قیام کیلئے ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش

## ایم کیوایم یوکے یونٹ کارکنان کے اجلاس سے جوائنٹ آرگنائزرز عظمت بیگ ،فیض احمد اور دیگر ذمہ داران کا خطاب

لندن۔۔۔14نومبر 2007ء

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد ملک میں انصاف کے نظام کے قیام اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ہے اور تمام کارکنان پر لازم ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو پھیلانے کیلئے اپنا ہرممکن کردارادا کریں۔یہ بات انہوں نے گذشتہ روز ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔اجلاس سے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزرز عظمت بیگ ،فیض احمد اور دیگر ذمہ داران نے بھی خطاب کیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم کا فلسفہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی ہے اور اسی فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے ہم ملک پر رائج فرسودہ نظام سے نجات حاصل کرسکتے ہیں۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور تحریک کا پیغام برطانیہ میں رہنے والے تمام پاکستانیوں تک پہنچانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں استعمال کریں۔قبل ازیں اجلاس سے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزرز عظمت بیگ اور فیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کارکنان قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اوراخبارات کا بغور مطالعہ کریں اور آنے والے حالات سے خود کو باخبر رکھیں۔

☆☆☆☆☆